مسوری ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ سینئر سروسز
WIC اینڈ نیوٹریشن سروسز

مؤثر 1 مارچ 2016

شرکت کنندہ کے حقوق اور ذمہ داریاں – اردو

ID فولڈر دیئے جانے کی تاریخ:	غذائی فہرست دیئے جانے کی تاریخ:

مجھے WIC کا شرکت کنندہ کا شناختی فولڈر اور WIC کی منظور شدہ غذائی فہرست اوپر مذکور تاریخ کو موصول ہوئی۔ مجھے دونوں آئٹموں میں مذکور مخصوص تقاضوں کےبارے میں بتایا گیا تھا۔

میں سمجھتا ہوں کہ دوہری شرکت غیر قانونی ہے اور میں ایک وقت میں صرف ایک ہی مقامی ایجنسی سے WIC کے وظائف حاصل کرسکتا ہوں۔ یہ ضروری ہے کہ WIC کے چیک دستیاب ہوجانے کی صورت میں میں انہیں لے لوں۔ چیکس دستیاب ہونے کی تاریخ سے **60** دنوں کے اندر انہیں نہ لے پانے کی وجہ سے میں پروگرام سے نا اہل قرار دیدیا جاؤں گا۔

میں پروگرام کے لئے اپنی اہلیت کے سلسلے میں مقامی ایجنسی کے ذریعہ کیے جانے والے کسی بھی فیصلے پر اپیل کرسکتا ہوں۔ مقامی ایجنسی میرے لئے خدمات صحت اور تغذیاتی تعلیم دستیاب کرائے گی اور مجھے ان خدمات میں شرکت کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

وفاقی شہری حقوق کے قانون اور امریکی محکمۂ زراعت (USDA) کے شہری حقوق کے ضابطوں اور پالیسیوں کے مطابق، USDA، اور اس کی ایجنسیاں، دفاتر، اور ملازمین، اور USDA پروگرامز میں حصہ لینے ، نظم و نسق کرنے والے ادارے نسل، رنگ، قومیت، جنس، معذوری، عمر یا USDA کے ذریعہ انجام دیے گئے یا اس کے مالی مدد سے کسی پروگرام یا سرگرمی میں پچھلے شہری حقوق کی سرگرمی کے لیے انتقامی کارروائی یا عدم انتقام کو ممنوع قرار دیتا ہے۔
معذور افراد جنہیں پروگرام کی معلومات کے لیے متبادل مواصلاتی وسائل درکار ہیں (جیسے بریل، بڑے حروف، آڈیو ٹیپ، امریکی اشاراتی زبان، وغیرہ.)، انہیں ایجنسی (صوبائی یا مقامی) سے رابطہ کرنا چاہئے جہاں انہوں نے بینفٹس کے لیے درخواست دی ہو۔ بہرے، اونچا سننے والے یا گویائی کی معذوری والے افراد USDA سے فیڈرل ریلے سروس کے ذریعہ (800) 877-8339 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، پروگرام کی معلومات انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہیں۔

امتیازی سلوک کے لیے پروگرام کی شکایت کرنے کے لیے USDA کے پروگرام سے متعلق امتیازی سلوک کے شکایت کے فارم کو مکمل کریں، (AD-3027) آن لائن http://www.ascr.usda.gov/complaint_filing_cust.html پر ، USDA کے کسی بھی آفس، یا USDA کو خط لکھ کر اور خط میں تمام مطلوبہ معلومات فراہم کرکے مل سکتا ہے۔ شکایت کے فارم کے کاپی کی درخواست کے لیے، (866) 632-9992 کو کال کریں۔
اپنے مکمل شدہ فارم یا خط کو USDA کو بذریعہ:

(1) ڈاک: امریکی محمکہ زراعت
Office of the Assistant Secretary for Civil Rights 1400 Independence Avenue, SW, Washington, D.C. 20250-9410;
(2) فیکس: (202) 690-7442؛ یا
(3) ای میل: program.intake@usda.gov۔

چیف اسٹیٹ ہیلتھ آفیسر غیر WIC مقاصد کے لئے WIC پروگرام میں میری شرکت کے بارے میں معلومات کا استعمال اور افشاء کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ سینئر سروسز (DHSS) کے ذریعہ صرف ان پروگراموں کے نظم و نسق کے لئے استعمال کی جائے گی جن میں WIC پروگرام کے لئے اہل افراد کی خدمت انجام دی جاتی ہے۔

یہ معلومات صرف DHSS کے ذریعہ DHSS کے زیر انتظام پروگراموں کے لئے WIC کے درخواست دہندگان اور شرکاء کی اہلیت کا تعین کرنے کے لئے استعمال ہوگی؛ تاکہ اس طرح کے پروگراموں کے لئے منتہائے رسائی کااہتمام کیا جائے؛ ان پروگراموں میں فی الحال اندراج یافتہ WIC کے درخواست دہندگان اور شرکاء کی صحت، تعلیم یا بہبود کو تیزگام کیا جائے؛ شرکاء اور عملہ پر پڑنے والا بوجھ کم کرنے کے واسطے انتظامی طریق کار کو اصل دھارے میں لایا جائے؛ اور شرکاء کی صحت کی ضروریات اور نگہداشت صحت کے نتائج کے تئیں اثر انگیزی کے معنوں میں ریاستی نظام صحت کی تشخیص اور تجزیہ کیا جائے۔

ذیل میں میرا دستخط اس بات کا اشارہ ہے کہ WIC پروگرام کے تحت میرے حقوق اور ذمہ داریاں مجھے بتا دی گئی ہیں۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے اپنے گھرانے کے لئے جو معلومات اور دستاویزی ثبوت فراہم کرائے ہیں وہ میری بہترین معلومات کی حد تک درست ہیں۔

اگر تصدیق کرنے کے وقت تک سبھی دستاویزپیش نہیں کیے گئے تو، میں بذات خود اعلان کرتا ہوں کہ غائب آمدنی، شناخت یا رہائشی ضروریات اہلیت کے تقاضوں کے مطابق ہے۔ میں پروگرام میں بدستور شامل رہنے اور بینفٹس موصول کرتے رہنے کے لیے اسے **30** دنوں کے اندرپیش کرنے کے لیے متفق ہوں۔ یہ تصدیقی معلومات وفاقی اعانت کی وصولیابی کے سلسلے میں فراہم کرائی جا رہی ہے۔ پروگرام کے اہلکاران اس معلومات کی توثیق کرسکتے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جان بوجھ کر غلط یا گمراہ کن بیان دینے یا جان بوجھ کر غلط بیانی کرنے، حقائق کو چھپانے یا دبا کر رکھنے کے نتیجے میں نامناسب طریقے سے مجھے جاری کردہ غذائی وظائف کی مالیت،نقدی کی شکل میں، ریاستی ایجنسی کو ادا کرنی پڑسکتی ہے اور میں ریاستی اور وفاقی قانون کے تحت دیوانی یا تعزیری مواخذہ کا مستوجب قرار دیا جاسکتا ہوں۔

شرکت کنندہ/نگراں کا دستخط: (دستخط کی ضرورت نہیں ہے اگر شرکت کنندہ MOWINS میں دستخط قید کرنے کے لئے دستخط والا پیڈ استعمال کرتا ہے)	تاریخ:

یہ ادارہ ایک مساوی موقع فراہم کرنے والا ہے۔